سوال

(4) کیا طاقت نہ ہو تو قرض لے کر شادی کرنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسلمان کے لیے جائز ہے کہ وہ قرض لے کر شادی کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کے لیے جائز ہے کہ وہ شادی کے لیے قرض لے جبکہ وہ شادی نہ ہونے کی وجہ سے اپنے نفس پر کسی فتنے میں مبتلا ہو جانے سے خائف ہو اور اگر وہ اپنے نفس پر کسی فتنے سے خائف نہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ وہ صبر کرے حتی کہ اس کے پاس شادی کی طاقت آ جائے اور اسے قرض لینے کی نوبت پیش نہ آئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

سلسلہ فتاویٰ عرب علماء 4

صفحہ نمبر 38

محدث فتویٰ